پالیسی کے مسودہ کی تاریخ مؤثر تاریخ: حتمی منظور شدہ تاریخ: تجدید شدہ تاریخ: نظرثانی کی اگلی تاریخ:	07/28/2015 12/31/2015 01/01/2019	
مالک:	جیف اسپریگو Jeff Sprague، CFO	
پالیسی کا علاقہ:	مالی امور	
حوالہ جات:		مالی امور سے متعلق پالیسی: اس پالیسی کی جگہ لیتی ہے

مالی اعانت سے متعلق پالیسی (رفاہی نگہداشت)

مقصد

اس پالیسی کا مقصد مریضوں کو معالی اعانت (رفاہی نگہداشت) سے متعلق معلومات فراہم کرنا ہے اور مالی اعانت کی اہلیت کے تعین کے لیے کارروائی کو واضح کرنا ہے جو سیوٹر ہیلتھ ہاسپٹل فیسیلیٹیز پر دستیاب ہے۔

پالیسی

یہ سیوٹر ہیلتھ کی ایسی پالیسی ہے جو مریضوں کو اہل مریضوں کے لیے آمدنی پر مبنی مالی اعانت (رفاہی نگہداشت) فراہم کرنے کے لیے مالی اعانت سے متعلق قابل فہم تحریری معلومات فراہم کرتا ہے۔

دائرہ عمل

اس پالیسی کا اطلاق سیوٹر ہیلتھ یا الحاق یافتہ ادارہ کے ذریعہ چلائے جانے والے تمام ہاسپٹل فیسیلیٹیز پر ہوتا ہے (اس شرط کیسوئٹر ہیلتھ کے ذیلی قوانین میں بیان کردہ وضاحت کے مطابق)، اور وہ سارے ہسپتال جن میں سیوٹر ہیلتھ اور / یا الحاق یافتہ ارارہ کا براہ راست 50% ووٹنگ کنٹرول یا ایکویٹی انٹریسٹ ہو (یہاں کے بعد"ہسپتال" یا "سیوٹر ہیلتھ ہاسپٹل" کہا جائے گا)۔ تاوقتیکہ بصورت دیگر بیان نہ کیا جائے، اس پالیسی کا اطلاق معالجین یا دیگر طبّی فراہم کنندہ پر نہیں ہوتا ہے، جس میں ایمرجنسی روم معالجین، انستھیولوجسٹس، ریڈیولوجسٹس، ہاسپٹلسٹس، پیتھالوجسٹس، وغیرہ شامل ہیں، جن کی خدمات ہسپتال کے بل میں شامل نہیں کی جاتی ہیں۔ یہ پالیسی ہسپتال کو ایسے معالجین یا دیگر طبی فراہم کنندہ کی خدمات کی ادائیگی کرنے کے لیے جوابدہ نہیں بناتا ہے۔ کیلفورنیا میں، ایسے ایمرجنسی کے معالج جو اسپتال میں ایمرجنسی سے متعلق خدمات فراہم کرتے ہیں انہیں غیربیمہ شدہ مریضوں یا زیادہ طبی لاگتوں والے مریضوں کو رعایت فراہم کرنے کی ضرورت ہوگی جو کہ وفاقی سطح غربت کے 350 فیصد یا اس سے کم پر ہوں۔

تعریفات

پیچیدہ/خصوصی نوعیت کی خدمات: "پیچیدہ/خصوصی خدمات" ایسی خدمات ہیں جسے سیوٹر ہیلتھ یا کوئی ہسپتال پیچیدہ اور خصوصی تصور کرتا ہے (جیسے پیوندکاری، تجرباتی اور تحقیقی خدمات) ساتھ ہی بعض انتخابی خدمات جو خاص طور پر صحت کے منصوبے کے کوریج کے معاہدے میں شامل نہیں ہوتے ہیں (جیسے کاسمیٹک والی کارروائیاں)۔

وفاقی سطح افلاس (FPL): "وفاقی سطح افلاس" یا "FPL" آمدنی کی سطح کی پیمائش ہے جسے ریاستہائے متحدہ امریکہ کے محکمۂ صحت و انسانی خدمات (HHS) کے ذریعہ سالانہ طور پر شائع کیا جاتا ہے اور اس کا استعمال ہسپتالوں کے ذریعہ مالی اعانت کے لیے اہلیت کے تعین میں کیا جاتا ہے۔

مالی اعانت: "مالی اعانت" سے مراد مکمل رفاہی نگہداشت اور اعلی طبی لاگت والے رفاہی نگہداشت ہیں (جسے اہلیت کے سیکشن 1.A میں بیان کیا گیا ہے)۔

ہسپتال کی خدمات: "ہسپتال کی خدمات"وہ تمام خدمات ہیں جسے فراہم کرنے کے لیے کوئی ہسپتال لائسنس یافتہ ہے، اس میں پیچیدہ / خصوصی مہارت والی خدمات شامل نہیں ہیں۔

ہسپتال کے سروس والے علاقے کی بنیادی زبان: "ہسپتال کے سروس والے علاقے کی بنیادی زبان" وہ زبان ہے جسے ہسپتال ک ذریعہ انجام دیے گئے حالیہ ترین کمیونٹی کی صحت کی ضروریات سے متعلق جائزے کے مطابق کم از کم 1,000 لوگ یا ہسپتال کے زیر خدمت کمیونٹی کے 5% لوگوں کے ذریعہ کیا جاتا ہے۔

غیر بیمہ شدہ مریض: "غیر بیمہ شدہ مریض" ایسا مریض ہے جس کے پاس اپنے طبی اخراجات کے کسی بھی حصے کی ادائیگی کے لیے کوئی فریق ثالث والا ذریعہ نہیں ہے، جس میں بلا تحدید، کمرشیل یا دیگر بیمہ، سرکاری نگہداشت صحت سے متعلق مراعاتی پروگرامز، تیسرے فریق کی دین داری شامل ہے، ساتھ ہی اس میں ایسے مریض بھی شامل ہیں جن کے تمام ممکنہ ذرائع ادائیگی کے تحت بینیفٹس داخلے سے قبل ختم ہو چکے ہوں۔

بیمہ شدہ مریض: "بیمہ شدہ مریض" وہ مریض ہے جس کے پاس اپنے حصے کے طبی اخراجات کی ادائیگی کے لیے فریق ثالث ذریعہ ہے، لیکن اس میں وہ مریض شامل نہیں ہیں جو میڈی-کل کے ذریعہ تحفظ یافتہ ہیں:

مریض کی ذمہ داری: "مریض کی ذمہ داری" وہ رقم ہے جو کوئی بیمہ شدہ مریض اپنے تیسرے فریق کے کوریج کے ذریعہ مریض کے بینیفٹس کے تعین کے بعد خود سے ادا کرنے کا ذمہ دار ہوتا ہے۔

طریق کار

A. اہلیت

1. اہلیت کے معیار: ذیل کے سیکشن B اور C میں مذکور درخواست کی کارروائی کے دوران، ہسپتال مالی اعانت کے لیے درج ذیل اہلیت کے معیار کو لاگو کرے گا:

مالی اعانت سے متعلق زمرہ:	مریض کی اہلیت کا معیار	دستیاب چھوٹ
مکمل رفاہی نگہداشت	مریض ایک غیربیمہ شدہ مریض ہے جس کی خاندانی آمدنی (جیسا کہ ذیل میں بیان کیا گیا ہے) حالیہ ترین FPL کا 400% یا اس سے کم ہے	ہسپتال کے خدمات کی تمام اخراجات معاف
زیادہ طبی لاگتوں والے رفاہی نگہداشت (بیمہ شدہ مریضوں کے لیے)	1. مریض ایک بیمہ شدہ مریض ہے جس کی خاندانی آمدنی (جیسا کہ ذیل میں بیان کیا گیا ہے) حالیہ ترین FPL کا 400% یا اس سے کم ہے؛ **اور** 2. خود کے لیے یا اپنے خاندان کے لیے طبی اخراجات (ہسپتال میں کیے گئے یا گزشتہ 12 ماہ میں دیگر فراہم کنندہ کو ادا شدہ) خاندان کی آمدنی کے 10% سے تجاوز کرتا ہو۔	ہسپتال کی خدمات کے لیے مریض کی ذمہ داری والی رقم کو معاف کرنا

2. کنبہ کی آمدنی کا حساب لگانا: مالی اعانت کے لیے مریض کی اہلیت کا تعین کرنے کے لیے، ہسپتال سب سے پہلے مریض کے خاندان کی آمدنی کا حساب لگائے گا، جو کہ حسب ذیل ہے:

a) مریض کا خاندان: مریض کے خاندان کا تعین درج ذیل طریقوں سے کیا جائے گا:

(i) بالغ مریض: 18 سال کی عمر سے زیادہ کے مریضوں کے لیے، مریض کے خاندان میں ان کے شریک حیات، گھریلو پارٹنر، اور 21 سال سے کم عمر کے منحصر بچے شامل ہیں، چاہے گھر میں رہ رہے ہوں یا نہیں-

(ii) نابالغ مریض: 18 سال کی عمر سے کم کے مریضوں کے لیے، مریض کے خاندان میں ان کے والدین، محافظ رشتہ دار، اور والدین یا محافظ رشتہ دار کے 21 سال سے کم عمر کے منحصر بچے شامل ہیں-

b) کنبہ کی آمدنی کا ثبوت: مریض کو آمدنی کے ثبوب کے لیے صرف حالیہ تنخواہ کی رسید یا ٹیکس ریٹرنس فراہم کرنے کی ضرورت ہوگی- کنبہ جاتی آمدنی مریض کے خاندان کے تمام ممبران کی سالانہ آمدنی ہے جو 12 مہینے قبل سے یا گزشتہ ٹیکس والے سال کے درمیان ہو جسے تنخواہ کی حالیہ رسیدوں یا انکم ٹیکس ریٹرنز کے ذریعہ دکھا گیا ہو، جس میں گزارہ اور چائلڈ سپورٹ کے لیے کی گئی ادائیگی کو شامل نہیں کیا جاتا- اس حساب کتاب میں شامل آمدنی میں ہر قسم کی آمدنی شامل ہے جیسے تنخواہیں اور اجرتیں، ریٹائرمنٹ کی آمدنی، سرکاری رقوم کی منتقلیاں جیسے فوڈ اسٹیمپس، اور سرمایہ کاری سے حاصل فوائد- سالانہ آمدنی کا تعین اس تاریخ تک والے سال میں خاندان کی آمدنی پر کیا جائے گا-

c) فوت ہوچکے مریضوں کے خاندانی آمدنی کا حساب لگانا: متوفی مریض، جن کے کوئی پسماندہ زوجین نہ ہوں، ان کے لیے خاندان کی آمدنی کے حساب کتاب کے مقصد سے کوئی آمدنی تصور نہیں کی جائے گی- متوفی مریضوں کے لیے آمدنی کے دستاویز کی ضرورت نہیں ہے؛ البتہ، جائیداد والے اثاثوں کے دستاویزات کی ضرورت ہوسکتی ہے- کسی متوفی مریض کے پسماندہ زوجین مالی اعانت کے لیے درخواست دے سکتے ہیں-

3. خاندانی آمدنی کا حساب کتاب FPLکے فیصد کے طور پر کرنا: خاندان کی آمدنی کے تعین کے بعد، ہسپتال کو خاندان کی آمدنی کی سطح کا تعین FPL کے موازنہ میں کرنا چاہیے، جسے FPL کے فیصد کے طور پر ظاہر کیا جاتا ہے- مثال کے طور پر، اگر تین افراد کے کسی خاندان کے لیے وفاقی سطح افلاس 20,000$ ہے اور مریض کی خاندانی آمدنی 60,000$ ہے تو، ہسپتال کو مریض کی خاندانی آمدنی کو FPL کے 300% پر شمار کرنا چاہیے- ہسپتال اس حساب کا استعمال درخواست کی کارروائ کے دوران اس بات کے تعین کے لیے کرسکتے ہیں کہ آیا مریض مالی اعانت کے لیے آمدنی کے پیمانوں کی تکمیل کرتا ہے-

4. خصوصی صورتحال – داخلی مریض کے طور پر قیام کے دوران بینیفٹس کا ختم ہوجانا: جب بیمہ شدہ مریض کا فریق ثالث کوریج اس وجہ سے مریض کے قیام کے لیے متوقع بازادائیگی کا صرف ایک حصہ ادا کرتا ہے کہ قیام کے دوران مریض کے بینفٹس ختم ہوگئے ہیں تو ہسپتال متوقع بازادائیگی والی بقایا رقم مریض سے وصول کرے جو اس وجہ سے تیسرے فریق کے کوریج میں سے ہوتا اگر بینیفٹس ختم نہیں ہوتے- ہسپتال کو مریض سے اس رقم سے زیادہ وصول نہیں کرنا چاہیے جو ایسی صورت میں تیسرے فریق کے کوریج سے بقایا ہوتا اگر بینیفٹس ختم نہیں ہوتے، جس میں لاگت میں مریض کا حصہ یا باہمی بیمہ بھی شامل ہے- قیام کے دوران اپنے بینیفٹ کے احاطے سے آگے بڑھ جانے والے مریض مالی اعانت کے لیے درخواست دینے کے اہل ہیں- اگر مریض مالی اعانت کے لیے اہل ہے تو، ہسپتال کو ان خدمات کے تمام چارجز منسوخ کردینے چاہئیں جو ہسپتال نے مریض کے بینیفٹ کے احاطے سے آگے بڑھ جانے ک بعد فراہم کیے ہوں-

5. مالی اعانت سے اخراج/نااہلیت : درج ذیل حالات ہیں جس میں اس پالیسی کے تحت مالی اعانت دستیاب نہیں ہے:

a) غیر بیمہ شدہ مریض پیچیدہ/خصوصی خدمات طلب کرتے ہوں: عام طور پر، غیر بیمہ شدہ مریض جو پیچیدہ/ خصوصی خدمات کے خواہاں ہوتے ہیں (جیسے پیوندکاریاں، تجرباتی یا تحقیقی کارروائیاں)، اور ان خدمات کے لیے مالی اعانت حاصل کرنا چاہتے ہیں، انہیں مالی اعانت کا اہل ہونے کے لیے، ان خدمات کی فراہمی سے قبل، ان کے لیے ہسپتال کے مالیاتی امور سے متعلق ذمہ دار فرد (یا نائب) سے انتظامی منظوری حاصل کرنی چاہیے- ہسپتالوں کو اس قسم کی منظوری کی ضرورت والی خدمات کے لیے پیشگی انتظامی منظوری حاصل کرنے والے مریضوں کے لیے ایک طریق کار فروغ دینا چاہیے- انتخابی خدمات جو عام طور پر ہیلتھ پلان کے کوریج کے معاہدوں کے تحت احاطے سے خارج ہوتے ہیں (جیسے کاسمیٹک طریق کار) مالی اعانت کے لیے اہل نہیں ہوتے-

b) لاگت میں حصہ داری والے میڈی-کل کے مریض : میڈی-کل کے مریض جو لاگت کا حصہ ادا کرنے کے لیے ذمہ دار ہیں وہ لاگت کے حصے کی رقم میں کمی کے لیے مالی اعانت کی درخواست دینے کے اہل نہیں ہیں- ہسپتالوں کو یہ رقوم مریض سے حاصل کرنے کی کوشش کرنی چاہیے-

c) مریض کے ذریعہ احاطہ یافتہ خدمات سے انکار: ایک بیمہ شدہ مریض جو ایسی خدمات حاصل کرنے کا انتخاب کرتا ہے جو مریض کے بینیفٹ والے معاہدے کے تحت تحفظ یافتہ نہیں ہے (جیسے کوئی HMO مریض جو سیوٹر سے نیٹ ورک کے باہر کی خدمات چاہتا ہے، یا ایسا مریض جو سیوٹر کے کسی ہسپتال سے نیٹ ورک کے اندر کی سہولت میں منتقل ہونے سے انکار کرتا ہے) مالی اعانت کے لیے اہل نہیں ہے-

d) بیمہ شدہ مریض جو تیسرے فریق ادا کنندہ سے تعاون نہیں کرتے ہیں: ایک بیمہ شدہ مریض جو کسی تیسرے فریق کے ذریعہ بیمہ شدہ ہے، جو اس وجہ سے خدمات کے لیے ادائیگی سے انکار کرتا ہے کہ مریض فریق ثالث ادائیگی کنندہ کو وہ معلومات فراہم کرنے سے قاصر رہا جو تیسرے فریق کی ادائیگی کی ذمہ داری کے تعین کے لیے ضروری ہے، تو وہ مالی اعانت کے لیے اہل نہیں ہے-

e) ادائیگی کنندہ براہ راست مریض کو ادائیگی کرتا ہے: اگر کوئی مریض کسی تلافی، میڈیکیئر سپلیمنٹ، یا دیگر ادائیگی کنندہ سے خدمات کے لیے براہ راست ادائیگی حاصل کرتا ہے تو وہ خدمات کے لیے مالی اعانت کا اہل نہیں ہے-

f) معلومات میں غلط بیانی: ہسپتال ایسے مریضوں کو مالی اعانت دینے سے انکار کرسکتا ہے جو اپنی درخواست فارم میں خاندان کی آمدنی، گھرانے کی جسامت یا دیگر معلومات میں غلط بیانی کرتے ہیں-

g) فریق ثالث کی وصولیاں: اگر مریض کو قانون کی خلاف ورزی کرنے والے فریق ثالث سے مالی تصفیہ یا فیصلہ ملتا ہے جس کے سبب مریض کو ضرر پہنچا ہو تو، مریض لازمی طور پر تصفیہ یا فیصلے کی رقم کا استعمال مریض کے اکاؤنٹ کے کسی بیلنسز کی ادائیگی کے لیے کرے گا، اور وہ مالی اعانت کا اہل نہیں ہوگا-

h) پیشہ ورانہ (معالج) خدمات معالجین کی خدمات جیسے کہ انستھیسولوجسٹس، ریڈیولوجسٹس، ہاسپٹلسٹس، پیتھالوجسٹس، وغیرہ کا احاطہ اس پالیسی کے تحت نہیں کیا گیا ہے- کسی استثناء کا ذکر پہلے دستاویز A میں ہوچکا ہے- متعدد معالجین کے یہاں رفاہی نگہداشت کی پالیسیاں ہوتی ہیں جو مریضوں کو مفت یا رعایتی نگہداشت کے لیے درخواست دینے کی اجازت دیتے ہیں- مریضوں کو کسی معالج کے رفاہی نگہداشت کی پالیسی کے بارے میں معلومات براہ راست اس معالج سے حاصل کرنی چاہیے-

B. درخواست کی کارروائی

1. ہر ہسپتال کو مریض یا اس کے نمائندے سے اس بارے میں معلومات حاصل کرنے کی معقول کوشش کرنی چاہیے کہ آیا نجی یا عوامی صحت کا بیمہ مکمل یا جزوی طور پر اس نگہداشت کا احاطہ کرتا ہے جو ہسپتال کے ذریعہ مریض کو فراہم کیا جائے گا- کوئی مریض جو کسی وقت ہسپتال کی خدمات کے بل کی ادائیگی کا نا اہل ہونے کی بات بتاتا ہے اس کی تشخیص مالی اعانت کے لیے کی جانی چاہیے- غیر بیمہ شدہ مریض کے طور پر اہل بننے کے لیے، مریض یا مریض کے ضمانت دار کے لیے یہ تصدیق کرنا ضروری ہے کہ وہ بیمہ یا سرکاری پروگرام کے بینیفٹس سے متعلق کسی حق سے آگاہ نہیں ہے جو بل کا احاطہ کرے یا اس میں رعایت فراہم کرے- سبھی مریضوں کو سرکاری پروگرام کی اعانت کے لیے اپنی ممکنہ اہلیت کی تفتیش کی ترغیب دی جانی چاہیے اگر انہوں نے پہلے ایسا نہیں کیا ہو-

2. ایسے مریض جو مالی اعانت کے لیے درخواست دینا چاہتے ہیں انہیں سیوٹر ہیلتھ کے معیاری درخواست فارم، "مالی اعانت کے لیے درخواست"، دستاویز B کا استعمال کرنا چاہیے-

3. مریض دستاویز A میں درج سیوٹر ہیلتھ ہاسپٹلز میں ذاتی طور پر مالی اعانت کی درخواست مکمل کرنے کی درخواست، بذریعہ فون 855-398-1633 پر، یا بذریعہ سیوٹر ہیلتھ کی ویب سائٹ (org.sutterhealth.www) پر کر سکتا ہے-
4. مریضوں کو مالی اعانت کی درخواستیں Sutter Health, P. O. Box 619010, Roseville, CA 95661-9998 برائے توجہ: چیریٹی کیئر اپلیکیشن پر کرنی چاہیے-

5. مریضوں کو ہسپتال کی خدمات حاصل کرنے کے بعد جتنی جلدی ممکن ہو مالی اعانت کی درخواست مکمل کرنی چاہیے- ہسپتال کے ذریعہ پہلی بار چھٹی کے بعد کا بل بھیجے جانے کی تاریخ سے 240 دنوں کے اندر درخواست مکمل کرکے واپس نہ بھیجنے کے نتیجے میں مریض کو مالی اعانت دینے سے انکار کیا جاسکتا ہے-

C. مالی اعانت کا تعین :

1. ہسپتال مالی اعانت کے لیے ہر درخواست دہندہ کی درخواست پر غور کرے گا اور مالی اعانت کو منظوری دے گا، جب مریض سیکشن 1.A میں بیان کردہ اہلیت کے معیار کی تکمیل کرتا ہو اور ہسپتال کی خدمت (خدمات) حاصل کی ہو (یا کرے گا)-

2. مریض سرکاری پروگرام کی اعانت کے لیے بھی درخواست دے سکتے ہیں، جو ایسی صورت میں معقول ہوگا اگر مخصوص مریض کو مسلسل خدمات کی ضرورت ہو-

a) ہسپتال کو اس بات کے تعین میں مریضوں کی مدد کرنی چاہیے کہ آیا وہ کسی سرکاری یا دیگر اعانت کے اہل ہیں، یا مریض کیلیفورنیا ہیلتھ بینیفٹ ایکسچینج کے پلانز میں اندراج کے لیے اہل ہے (جیسے کورڈ کیلیفورنیا)

b) اگر کوئی مریض اسی وقت مالی اعانت کے لیے درخواست دیتا ہے، جب اس نے صحت کے احاطہ کے کسی دیگر پروگرام کے لیے بھی درخواست دی ہو، یا درخواست زیر غور ہو تو، دوسرے پروگرام کے تحت احاطہ کی درخواست کے سبب مالی اعانت کے لیے مریض کی اہلیت خارج نہیں ہوگی-

3. جب مکمل رفاہی نگہداشت یا اعلی طبی لاگت والی رفاہی نگہداشتسے متعلق فیصلہ کرلیا جاتا ہے تو، ہر درخواست دہندہ کو ہسپتال کا فیصلہ بتاتے ہوئے ایک "اطلاعاتی فارم" (دستاویز D) بھیجا جائے گا-

4. مریضوں کو ہسپتال کے ذریعہ اطلاعاتی فارم جاری کیے جانے کے بعد ایک سال کے عرصے تک مالی اعانت کے لیے اہل تصور کیا جائے گا- ایک سال کے بعد، مریضوں کے لیے مالی اعانت کی درخواست دوبارہ دینی ضروری ہوگی-

5. اگر مالی اعانت کے فیصلے سے مریض کے حق میں کریڈٹ بیلینس نکلتا ہے تو، کریڈٹ بیلنس کی واپسی میں اضافی ادائیگی کی رقم پر مریض کے ذریعہ ادائیگی کی تاریخ سے قانونی شرح (10% فی سال) کے لحاظ سے سود بھی شامل کا جائے گا جو صحت و سلامتی سے متعلق قانون کے سیکشن 127440 کے مطابق ہے، بشرطیکہ ہسپتال ایسے کریڈٹ بیلنس کی واپسی کا تقاضہ نہ کرے، جو کہ سود کے ساتھ، پانچ ڈالر ($5) سے کم ہو-

D. اختلافات

مریض مالی اعانت سے انکار کے ہسپتال کے کسی فیصلے پر، ان حالات سے متعلق نوٹس کی وصولی کے تیس (30) دنوں کے اندر، جس کے سبب اختلاف پیدا ہوا ہے، ہسپتال میں مالی امور کے لیے ذمہ دار فرد یا ان کے نائب کو اختلاف کی بنیاد اور مطلوبہ راحت سے متعلق اطلاع دے کر، نظرثانی کا خواستگار ہو سکتا ہے- مریض زبانی یا تحریری طور پر اختلاف جمع کرواسکتے ہیں- ہسپتال میں مالی امور کے لیے ذمہ دار فرد یا ان کے نائب جتنی جلدی ممکن ہو مریض کے اختلاف پر غور کریں گے اور مریض کو تحریری طور پر کسی فیصلے کی اطلاع دیں گے-

E. مالی اعانت کی دستیابی کی معلومات :

1. **<u>زبان</u>**:یہ پالیسی ہسپتال کے زیر خدمت علاقے کی بنیادی زبان (زبانوں) میں دستیاب ہوگی- اس کے علاوہ، اس سیکشن میں فراہم کردہ تمام نوٹسز/ مواصلات ہسپتال کے زیر خدمت علاقے کی بنیادی زبان (زبانوں) میں اور تماما وفاقی اور ریاستی قوانین اور ضوابط کے بمطابق دستیاب ہونی چاہیے-

2. **<u>ہاسپٹل کی خدمات کی فراہمی کے دوران مریضوں کو فراہم کردہ معلومات</u>**:

a) <u>پیشگی داخلہ یا رجسٹریشن</u>: داخلہ یا رجسٹریشن کے دوران (یا اس کے بعد جتنی جلدی عملی طور پر ممکن ہو) ہسپتالوں کو مریضوں کو دستاویز E کی ایک کاپی فراہم کرنی چاہیے، جس میں مالی اعانت کی پالیسی کا سادہ زبان میں ایک خلاصہ ہو ساتھ ہی اس میں خدمات کے لیے ان کی مالی ذمہ داری کے تخمینہ کی درخواست کرنے کا حق بھی شامل ہو- ہسپتال کو اس شعبے کی شناخت کرنی چاہیے جہاں مریض مالی اعانت کے لیے معلومات، درخواست دینے میں مدد حاصل کرنے کے لیے جاسکے-

b) مالی اعانت کے صلاح کاران : ایسے مریض جو غیر بیمہ شدہ ہوں انہیں ایسے مالی صلاح کاروں کو تفویض کیا جانا چاہیے، جو ذاتی طور پر مریض سے ہسپتال میں ملاقات کرسکیں- مالی صلاح کاروں کو ایسے مریضوں کو مالی اعانت کی ایک درخواست، ساتھ ہی ہسپتال کے اس عملے کے رابطے کی تفصیلات دینی چاہیے جو اس مالی اعانت کی پالیسی کے بارے میں اضافی معلومات فراہم، اور درخواست دہی کی کارروائی میں مدد کرسکتے ہوں -

c) ہنگامی خدمات: ہنگامی خدمات کی صورت میں، ہسپتال کو سبھی مریضوں کو مالی اعانت کی پالیسی کا ایک آسان زبان والا خلاصہ، مریض کی ہنگامی طبی حالت مستحکم ہونے پر یا اس کی چھٹی کرنے پر جتنی جلد ممکن ہو فراہم کرنا چاہیے-

d) چھٹی ہونے پر فراہم کردہ درخواستیں چھٹی دیتے وقت، ہسپتالو نکو سبھی مریضوں کو دستاویز E کی ایک کاپی فراہم کرنی چاہیے، جس میں مالی اعانت کی پالیسی کا خلاصہ آسان زبان میں شامل ہو اور سبھی غیر بیمہ شدہ مریضوں کو میڈی-کل اور کیلیفورنیا چلڈرنز سروسز کے لیے یا کسی دیگر ممکنہ طور پر قابل اطلاق سرکاری پروگرام کے لیے درخواستیں فراہم کرنی چاہیے-

3. **دیگر اوقات میں مریض کو فراہم کردہ معلومات**:

a) رابطے کی معلومات : مریض حضرات مالی اعانت کے بارے میں اضافی معلومات حاصل کرنے اور درخواست دہی کی کارروائی میں مدد کے لیے1633-398-855-1 پر کال کرسکتے ہیں یا دستاویز G میں مذکور ہسپتال کے شعبے سے رابطہ کرسکتے ہیں-

b) بلنگ اسٹیٹمنٹ: ہسپتالوں کو سیوٹر ہیلتھ کی بلنگ اور وصولی کی پالیسی، پالیسی نمبر 227-14 کے مطابق مریضوں کو بل بھیجنا چاہیے- مریضوں کو دیے جانے والے بلنگ اسٹیٹمنٹ میں دستاویز F شامل ہونا چاہیے جس میں مالی اعانت کی پالیسی کا آسان زبان میں خلاصہ، مالی اعانت کے بارے میں سوالات کے ساتھ کال کرنے کے لیے ایک فون نمبر، اور ویب سائٹ پتہ جہاں مریض مالی اعانت بشمول مالی اعانت کی پالیسی، کے بارے میں اضافی معلومات حاصل کرسکتے ہیں، پالیسی کا آسان زبان میں خلاصہ، اور مالی اعانت کے لیے درخواست شامل ہو-

c) درخواست کرنے پر: ہسپتال درخواست کرنے پر مریضوں کو مالی اعانت کی پالیسی کی کاپیاں، مالی اعانت کی درخواست، اور مالی اعانت کی پالیسی کا خلاصہ آسان زبان میں فراہم کریں گے-

4. **مالی اعانت کی دستیابی کی تشہیر** :

a) عوامی جگہوں پر آویزاں کرنا: ہسپتالوں کو مالی اعانت کی پالیسی کی کاپیاں، مالی اعانت کی درخواست، اور مالی اعانت کی پالیسی کا خلاصہ آسان زبان میں ایمرجنسی روم، داخلے والے حصے، اور ایسے کسی دیگر جگہ پر نمایاں مقام پر لگانا چاہیے جہاں مریضوں کی زیادہ آمدورفت ہو، جس میں انتظار گاہیں، بلنگ کے دفاتر، اور ہسپتال کے بیرونی مریضوں والے حصے بھی شامل ہیں- ان عوامی نوٹسز میں خدمات کے لیے مالیاتی ذمہ داری کے تخمینے کی درخواست کرنے کے بارے میں معلومات شامل ہونی چاہیے-

b) ویب سائٹ سیوٹر ہیلتھ کی ویب سائٹ (www.sutterhealth.org) پر اور انفراد ہسپتالوں کی ویب سائٹ پر مالی اعانت کی پالیسی، مالی اعانت کی درخواست، اور مالی اعانت کی پالیسی کا خلاصہ آسان زبان میں نمایاں مقام پر موجود ہونی چاہیے- مالی اعانت کے بارے میں معلومات حاصل کرنے

والے فرد سے، مالی اعانت کی معلومات حاصل کرنے سے قبل اکاؤنٹ بنانے یا کوئی ذاتی معلومات فراہم کرنے کا تقاضہ نہیں کیا جانا چاہیے-

c) میل: مریض مالی اعانت کی پالیسی، مالی اعانت کی درخواست، اور آسان زبان میں مالی اعانت کی پالیسی کے خلاصہ کی کاپی بذریعہ میل طلب کرسکتے ہیں، اور مریض سے اس کا کوئی معاوضہ نہیں لیا جائے گا-

d) اشتہارات/پریس ریلیز: حسب ضرورت اور سالانہ بنیادوں پر سیوٹر ہیلتھ ہسپتال میں مالی اعانت کی دستیابی کے بارے میں ایک اشتہار سیوٹر ہیلتھ کے زیر خدمت علاقے کے اہم اخبار (اخبارات) میں دے گا، یا جب ایسا کرنا عملی طور پر ممکن نہ ہو تو، سیوٹر ہیلتھ ان معلومات پر مبنی ایک پریس ریلیز جاری کرے گا، یا اس پالیسی کی دستیابی کے بارے میں ہماری کمیونٹی کے ایسے متاثر ہونے والے مریضوں کو آگاہ کرنے کے لیے دیگر ایسے ذرائع استعمال کرے گا، جس کے ذریعہ سیوٹر ہیلتھ کے مطابق وسیع پیمانے پر اس کی تشہیر ہوسکے

e) کمیونٹی کو آگاہی: سیوٹر ہیلتھ الحاق یافتہ تنظیموں، معالجین، کمیونٹی کلینکس اور دیگر نگہداشت صحت فراہم کنندگان کے ساتھ مل کر کمیونٹی کے ممبران (خاص طور پر انہیں جن کو مالی اعانت کی ضرورت ہونے کا زیادہ امکان ہے) کو مالی اعانت کی دستیابی کے بارے میں آگاہ کرے گا-

F. متفرقات

1. **ریکارڈ رکھنا**:
مالی اعانت سے متعلق ریکارڈز لازمی طور پر قابل رسائی ہونے چاہئیں- ہسپتال کو لازمی طور پر ایسے غیر بیمہ شدہ مریضوں کے بارے میں، جنہوں نے ہسپتال سے خدمات حاصل کی ہیں، مکمل کردہ مالی امداد کی درخواستوں کی تعداد، منظور کردہ تعداد، فراہم کردہ بینیفٹس کی تخمینی مالیت ڈالر میں، مسترد کردہ درخواستوں کی تعداد، اور مسترد کرنے کی وجوہات کی معلومات رکھنی چاہیے- اس کے علاوہ، مالی اعانت کے لیے مریض کی منظوری اور مسترد کیے جانے سے متعلق نوٹس کو بھی مریض کے اکاؤنٹ میں شامل کیا جانا چاہیے-

2. **ادائیگی کے منصوبے**-
مریض ایک ادائیگی کے منصوبے کے اہل ہو سکتے ہیں- ادائیگی کا منصوبہ سیوٹر ہیلتھ ہاسپٹل کی بلنگ اور وصولی کی پالیسی کے مطابق پیش کیا جائے گا اور اس پر گفت و شنید کی جائے گی-

3. **بل کاری اور وصولی**:
ہسپتال مریضوں سے ادائیگی حاصل کرنے کے لیے وصولی کی معقول کوششیں کرسکتے ہیں- مالی اعانت کی کارروائی کے دوران حاصل کردہ معلومات کا استعمال، یا تو ہسپتال یا ہسپتال کے ذریعہ مقرر کردہ کسی کلیکشن ایجنسی کے ذریعہ وصولی کی کارروائی میں نہیں کیا جانا چاہیے- وصولی کی عمومی سرگرمیوں میں مریض کے اسٹیٹمنٹس کا اجراء، فون کال، اور مریض یا ضمانت دار کو بھیجے گئے اسٹیٹمنٹس کا حوالہ شامل ہے- الحاق یافتگان اور ریونیو سائیکل ڈپارٹمنٹس کے لیے اس بات کو یقینی بنانے کے طریقوں کو فروغ دینا ضروری ہے کہ بل کے سلسلے میں مریضوں کے سوالات اور شکایات کی تحقیق کی جائے اور جہاں موزوں ہو ان میں اصلاح کی جائے، ساتھ ہی مریض کے ساتھ بروقت فالواپ بھی کیا جائے- ہسپتال یا وصولی کی ایجنسیاں وصولی کی کسی غیر معمولی کارروائیوں میں شامل نہیں ہوں گی (جیسا کہ سیوٹر ہیلتھ ہاسپٹلز کی بلنگ اور وصولی کی پالیسی میں بیان کیا گیا ہے- ہاسپٹل کی بلنگ اور وصولی کی پالیسی کی کاپیاں سیوٹر ہیلتھ کی ویب سائٹ sutterhealth.org پر بلا معاوضہ 855-398-1633 پر کال کرکے یا ہاسپٹل پیشنٹ رجسٹریشن، مریض کے لیے مالی امور کی خدمات کے دفاتر اور ہنگامی محکموں میں ہی حاصل کی جاسکتی ہے-

4. **OSHPD کے پاس جمع کرنا**:

سیوٹر ہیلتھ ہاسپٹلز مالی امداد کی پالیسیوں کو آفس آف اسٹیٹ وائیڈ پلاننگ اینڈ ہیلتھ کیئر ڈیولپمنٹ (OSHPD) کے پاس جمع کروائیں گے- OSHPD کی اس ویب سائٹ پر پالیسیوں کو دیکھا جاسکتا ہے: https://syfphr.oshpd.ca.gov/

5. **رقوم جن کا عام طور پر بل بھیجا جاتا ہے:**

انٹرنل ریونیو کوڈ سیکشن 1. 501(r)-5 کے مطابق، عام طور پر جتنی رقوم کا بل بھیجا جاتا ہے ان کے لیے سیوٹر میڈیکیئر کے متوقع طریقے کو اختیار کرتا ہے؛ تاہم، جو مریض مالی اعانت کے لیے اہل ہیں وہ مالی لحاظ سے اس سے زیادہ رقوم کے لیے ذمہ دار نہیں ہیں جتنی رقوم کا بل بھیجا جاتا ہے کیونکہ اہل مریضوں کو کوئی رقم ادا کرنے کی ضرورت نہں ہوتی ہے-

حوالہ

انٹرنٹ ریونیو کوڈ سیکشن 501(r)

26 کوڈ آف فیڈرل ریگولیشن 1.501(r)-1 تا 1.501(r)-7

کیلفورنیا ہیلتھ اینڈ سیفٹی کوڈ سیکشن 124700 تا 127446

اس پالیسی کو سیوٹر ہیلتھ کے بل کاری اور وصولی سے متعلق پالیسی کے ساتھ پڑھا جائے (مالی امور سے متعلق پالیسی14-227)-

منسلکات

دستاویز A– فراہم کنندہ پالیسی کے اندر احاطہ شدہ ہیں اور نہیں ہیں
دستاویز B– مالی اعانت کے لیے درخواست
دستاویز C– مالی اعانت کے حساب کا ورک شیٹ
دستاویز D– رفاہی نگہداشت کے لیے سیوٹر ہیلتھ کی جانب سے اہلیت کے تعین کا نوٹیفکیشن
دستاویز E– مریضوں کے لیے بل کاری سے متعلق اہم معلومات
دستاویز F– حقوق کا نوٹس
دستاویز G– سیوٹر ہیلتھ سے الحاق شدہ ہسپتال، مالی تعاون کے لیے طبعی پتہ، اور ویب سائٹ پتہ

دستاویز A

فراہم کنندہ پالیسی کے اندر احاطہ شدہ ہیں اور نہیں ہیں

جو فراہم کنندہ http://www.sutterhealth.org/communitybenefit/financial-assistance.html پر مذکور ہیں **وہ** اس پالیسی کے تحت احاطہ شدہ ہیں۔

جو فراہم کنندہ http://www.sutterhealth.org/communitybenefit/financial-assistance.html پر مذکور ہیں **وہ** اس پالیسی کے تحت احاطہ شدہ نہیں ہیں

دستاویز B

مالی اعانت کے لیے درخواست

مریض کا نام _____ شریک حیات _____

پتہ _____ فون _____

اکاؤنٹ# _____ SNN _____ _____

(مریض) (شریک حیات)

خاندان کی صورتحال: کسی بھی شریک حیات، گھریلو پارٹنر، یا 21 سال کی عمر سے کم کے بچے کی فہرست بنائیں- اگر مریض نابالغ ہے تو، تمام والدین، محافظ رشتہ دار، اور 21 سال کی عمر سے کم کے بھائی بہن کی فہرست بنائیں

نام	عمر	رشتہ
_____	_____	_____
_____	_____	_____
_____	_____	_____
_____	_____	_____

ملازمت اور پیشہ

آجر: _____ عہدہ: _____

رابطہ فرد اور ٹیلیفون: _____

اگر اپنا کاروبار ہے ، کاروبار کا نام: _____

شریک حیات آجر: _____ عہدہ: _____

رابطہ فرد اور ٹیلیفون: _____

اگر اپنا کاروبار ہے، تو کاروبار کا نام: _____

موجودہ ماہانہ آمدنی

	مریض	دیگر خاندان
مجموعی تنخواہ (کٹوتیوں سے پہلے)		
شامل کریں: کاروبار چلانے سے ہونے والی آمدنی (اگر اپنا کاروبار ہے)	_____	_____
شامل کریں: دیگر آمدنی:		
سود اور منافع	_____	_____
حقیقی جائیداد یا ذاتی جائیداد سے	_____	_____
سوشل سیکیورٹی	_____	_____
دیگر (وضاحت کریں):	_____	_____
گزارہ خرچ کے لیے یا حاصل شدہ اعانت سے متعلق ادائیگی	_____	_____
گھٹائیں: گزارہ خرچ کے لیے یا ادا شدہ اعانت سے متعلق ادائیگی	_____	_____
برابر ہے: موجودہ ماہانہ آمدنی کے	_____	_____
موجودہ ماہ کی کل آمدنی (مریض + + شریک حیات کو شامل کریں)		_____
مذکور بالا سے آمدنی	_____	_____

خاندان کا سائز

خاندان کے کل ممبران _____

(مذکور بالا سے مریض، والدین (نابالغ مریضوں کے لیے)، شریک حیات اور بچے شامل کریں)

	ہاں	نہیں
کیا آپ کے پاس صحت کا بیمہ ہے؟	□	□
کیا آپ کے پاس کوئی دیگر بیمہ ہے جس کا اطلاق ہوسکتا ہو (جیسے خودکار پالیسی)؟	□	□
کیا آپ کی چوٹ تیسرے فریق کی وجہ سے ہوئی ہے (جیسے کہ کار حادثے کے دوران یا پھسلنے اور گرنے کی وجہ سے)؟	□	□

اس فارم پر دستخط کرکے، میں سیوٹر ہیلتھ کو مالی چھوٹ کے لیے میری اہلیت کے تعین کے واسطے ملازمت کی جانچ کرنے کی اجازت دیتا ہوں، مجھے معلوم ہے کہ مجھ سے ان معلومات کا ثبوت پیش کرنے کو کہا جاسکتا ہے جو میں پیش کررہا ہوں۔

_____ _____

(مریض یا گارنٹی دینے والے کا دستخط) (تاریخ)

_____ _____

(شریک حیات کا دستخط) (تاریخ)

دستاویز C
مالی اعانت کے حساب کا ورک شیٹ

مریض کا نام: _____ مریض کا اکاؤنٹ #:
_____

ہسپتال:
_____

خصوصی غور و خوض / حالات:
_____
_____
_____
_____

	ہاں	نہیں
کیا مریض کے پاس صحت کا بیمہ ہے؟	□	□
کیا مریض میڈیکیئر کے لیے اہل ہے؟	□	□
کیا مریض میڈی- کل کے لیے اہل ہے؟	□	□
کیا مریض دیگر سرکاری پروگرام کے لیے اہل ہے (جیسے جرم کا شکار، وغیرہ)؟	□	□

اگر مریض درخواست دیتا ہے، یا اگر کوئی درخواست صحت کے کوریج والے دوسرے پروگرام کے لیے اسی وقت جمع کروائی گئی ہے جب وہ رفاہی نگہداشت یا چھوٹ والی ادائیگی کے پروگرام کے لیے درخواست جمع کروارہے ہیں تو، کوئی بھی درخواست دوسرے پروگرام کے لیے اہلیت کو خارج نہیں کرتی-

کیا مریض کے پاس دوسری پالیسی ہے (جیسے خودکار مڈہے)؟	□	□
کیا مریض فریق ثالث کے ذریعہ بیمہ شدہ تھے؟	□	□
کیا مریض خود ادائیگی کرتے ہیں؟	□	□

مالی اعانت کا حساب:

موجودہ ماہ کی کل آمدنی کا کل مجموعہ (مالی اعانت کے لیے درخواست سے) _____$
(مالی اعانت کے لیے درخواست سے)

خاندان کا سائز (مالی اعانت کے لیے درخواست سے) _____

مالی اعانت کے لیے اہلیت کی پوری ہوئی ہاں نہیں

دستاویز D

نوٹیفیکشن کا فارم
سیوٹر ہیلتھ
مالی اعانت کے لیے اہلیت کا تعین

سیوٹر ہیلتھ نے ذیل کے لیے مالی اعانت کے واسطے اہلیت کے تعین کی کارروائی کی ہے:

_____ _____ _____
مریض کا نام اکاؤنٹ نمبر خدمت کی تاریخ

مالی اعانت کے لیے مریض یا مریض کی جانب سے درخواست _____ کو دی گئی۔
تعین _____ کو مکمل ہوا۔

مریض کے ذریعہ فراہم کردہ معلومات کی بنیاد پر یا مریض کی جانب سے، درج ذیل تعین کیا گیا ہے:

_____ کو خدمات کی انجام دہی کے سلسلے میں مالی اعانت کے لیے آپ کی درخواست منظور ہوگئی ہے۔
مالی اعانت میں تخفیف کے لیے درخواست دینے کے بعد، بقایا رقم ہے _____$۔

مالی اعانت کے لیے آپ کی درخواست کی منظوریاں مؤخر ہیں۔ البتہ، آپ کے اکاؤنٹ میں کسی بھی ترمیم کے لاگو کیے جاسکنے سے پہلے درج ذیل معلومات درکار ہیں:

_____
_____
_____
_____
_____

مالی اعانت کے لیے آپ کی درخواست مسترد ہوگئی ہے کیونکہ:

وجہ: _____
_____
_____
_____
_____

مالی اعانت کی منظوری ہسپتال کو فراہم کی گئی معلومات کی مکملیت اور درستگی سے مشروط ہے۔ ایسی صورت میں جب ہسپتال کو پتہ چلتا ہے کہ آپ کو دوسرے فرد کے ذریعہ ضرر پہنچایا گیا ہے، آپ کو اضافی آمدنی ہے، آپ کا اضافی بیمہ ہے یا آپ نے فراہم کردہ خدمات کے لیے ادائیگی کی اپنی اہلیت سے متعلق نامکمل یا غلط معلومات فراہم کی ہیں تو، ہسپتال مالی اعانت کی فراہمی کے اپنے فیصلے کو کالعدم کرسکتا ہے اور آپ اور/ یا تیسرے فریقین کو ہسپتال کے چارجز کا ذمہ دار قرار دے سکتا ہے۔

اگر کوئی درخواست صحت کے کوریج والے دوسرے پروگرام کے لیے اسی وقت جمع کروائی گئی ہے جب آپ مالی اعانت کے لیے درخواست جمع کروارہے ہیں تو، کوئی بھی درخواست دوسرے پروگرام کے لیے اہلیت کو خارج نہیں کرتی۔

اگر اس تعین کے سلسلے میں آپ کا کوئی سوال ہے تو، براہ کرم رابطہ کریں:

_____
مریض کی مالیاتی خدمات (پیشنٹ فائنانشیل سروسز)
1633-398-855

دستاویز E

مریضوں کے لیے بل کاری سے متعلق اہم معلومات

سیوٹر ہیلتھ کو چننے کیلئے شکریہ- یہ پرچہ اس مالی اعانت، جو اہل مریضوں کے لیے دستیاب ہے، مالی اعانت کے لیے درخواست دہی کی کارروائی، اور ادائیگی سے متعلق آپ کے اختیارات کو سمجھنے میں ہمارے مریضوں کی مدد کے لیے تیار کیا گیا ہے- آپ کے ہسپتال کے بل میں ایسی خدمات کے لیے کوئی بل شامل نہیں ہوگا جو آپ کو ہسپتال میں اپنے قیام کے دوران معالجین، انستھیسیولوجسٹس، کلینیکل پروفیشنلز، ایمبولینس کمپنیوں، اور دیگر فراہم کنندگان سے موصول ہوتے ہیں، جو اپنی خدمات کے لیے آپ کو الگ سے بل بھیج سکتے ہیں- اگر آپ ان دیگر فراہم کنندگان کے بلوں کی ادائیگی میں مدد حاصل کرنا چاہتے ہیں تو، آپ کو براہ راست فراہم کنندگان سے رابطہ کرنا ہوگا۔

ہنگامی خدمات: اگر ہسپتال میں آپ کو ہنگامی خدمات حاصل ہوتی ہیں تو، آپ کو ایمرجنسی روم کے معالج کے لیے الگ سے بل موصول ہوگا- ایمرجنسی روم کے معالج کی خدمات کے بارے میں کوئی سوالات اسی معالج سے پوچھے جانے چاہئیں- ہیلتھ اینڈ سیفٹی کوڈ کے سیکشن 127450 میں بیان کردہ کے مطابق، ایمرجنسی روم کے معالج، جو کسی ہنگامی طبی خدمات فراہم کرنے والے ہسپتال میں ہنگامی طبی نگہداشت فراہم کرتے ہوں، ان کے لیے قانون کے تحت غیر بیمہ شدہ مریضوں کو یا اعلی طبی لاگتوں والے غیر بیمہ شدہ مریضوں کو جن کی آمدنی وفاقی سطح افلاس کے 350% کے مساوی یا اس سے کم ہو، چھوٹ فراہم کرنی چاہیے-

ادائیگی کے اختیارات: سیوٹر ہیلتھ کے پاس آپ کے ہسپتال کے بل کی ادائیگی میں مدد کے لیے کئی اختیارات ہیں-

ادائیگی کا منصوبہ: مریض کے اکاؤنٹ بیلنسز وصولی پر واجب الادا ہوتے ہیں- مریض اپنے ہسپتال کے بل کے لیے ادائیگی کے انتظامات کا انتخاب کرسکتا ہے- ادائیگی کے ایسے انتظامات کو قبول کرنے کے لیے پیشنٹ فائنانشیل سروسز کے روبرو ایک ایسے مالیاتی معاہدے پر دستخط ہونا ضروری ہے جو مریضوں کو وقت کے ساتھ اپنے ہسپتال کے بلوں کی ادائیگی کی اجازت دے- یہ انتظامات کم آمدنی والے غیر بیمہ شدہ مریضوں اور اعلی طبی لاگتوں والے بعض آمدنی کے لحاظ سے اہل مریضوں کےلیے بلاسودی ہیں- ادائیگی کے منصوبے کا فیصلہ ہسپتال اور مریض کے درمیان گفت و شنید سے ہوتا ہے-

میڈی-کل اور سرکاری پروگرام کی اہلیت: آپ ایک سرکاری کفالت یافتہ صحت کے بینیفٹ والے پروگرام کے لیے اہل ہوسکتے ہیں- سیوٹر ہیلتھمیں ایسا عملہ دستیاب ہے جو آپ کو میڈی-کل جیسے سرکاری پروگراموں کے لیے درخواست دینے میں مدد کرسکتا ہے- اگر آپ سرکاری پروگراموں کے بارے میں اضافی معلومات چاہتے ہیں، یا ایسے پروگراموں کے لیے درخواست دینے میں مدد کی ضرورت ہے تو، براہ کرم پیشنٹ فائنانشیل اسسٹنس سے 1633-398 (855) پر رابطہ کریں- یہ سہولت ایسی تنظیموں سے بھی معاہدہ کرتی ہے جو سرکاری امداد کے لیے درخواست دہی میں آپ کی مزید مدد کرسکتی ہیں-

کورڈ کیلیفورنیا: آپ کورڈ کیلیفورنیا کے تحت نگہداشت صحت کے احاطہ کے لیے اہل ہوسکتے ہیں، جو کہ افورڈیبل کیئر ایکٹ کے تحت کیلیفورنیا کا ہیلتھ بینیفٹ ایکسچینج ہے- یہ دیکھنے کے لیے مزید تفصیلات اور اعانت حاصل کرنے کے واسطے ہاسپٹل فائنانشیل اسسٹنس ڈپارٹمنٹ سے (855) 398-1633 پر رابطہ کریں کہ آیا آپ کورڈ کیلیفورنیا کے ذریعہ نگہداشت صحت کے احاطہ کے لیے اہل ہیں-

مالی اعانت کا خلاصہ (رفاہی نگہداشت): سیوٹر ہیلتھ اہل کم آمدنی والے مریضوں اور ایسے مریضوں کو مالی اعانت فراہم کرنے کے لیے پابند عہد ہے جن کا ایسا بیمہ ہے جس کے لیے مریض کو اپنی نگہداشت کا کافی حصہ ادا کرنے کی ضرورت ہو- ذیل میں مالی اعانت کے لیے اہلیت کے تقاضوں اور ایسے مریضوں کے لیے درخواست دہی کے طریقے کا خلاصہ دیا جارہا ہے جو مالی اعانت حاصل کرنا چاہتے ہیں- مریضوں کے درج ذیل زمرے، مالی اعانت کے لیے اہل ہیں:

- ایسے مریض جن کے پاس ان کے طبی اخراجات کے کسی بھی حصے کی ادائیگی کا کوئی فریق ثالث ذریعہ نہ ہو، جیسے کہ بیمہ کمپنی یا سرکاری پروگرام، **اور** ان کی خاندانی آمدنی وفاقی سطح غربت کا 400% یا اس کے نیچے ہو۔

- ایسے مریض جنہیں بیمہ کا احاطہ حاصل ہو لیکن ان کی (i) خاندانی آمدنی وفاقی سطح غربت کا 400% یا اس کے نیچے ہو؛ **اور** (ii) ان کے یا ان کے خاندان لیے طبی اخراجات (ہسپتال کے الحاق یافتہ یا دوسرے فراہم کنندگان کو گزشتہ 12 مہینے میں ادا کردہ) جو مریض کی خاندانی آمدنی کے 10% سے زیادہ ہو۔

- ایسے مریض جو بیمہ کے تحت تحفظ یافتہ ہوں لیکن ہسپتال میں قیام کے دوران یا اس سے قبل ان کے بینیفٹس ختم ہوگئے ہوں، اور ان کی خاندانی آمدنی وفاقی سطح غربت کا 400% یا اس کے نیچے ہو؛

آپ پیشنٹ فائنانشیل سروسز، جو کہ مریض کی رسائی / رجسٹریشن کے شعبوں میں، دستاویز G میں بیان کردہ پتے پر موجود ہسپتال میں واقع ہے، سے دستیاب درخواست فارم کا استعمال کرکے یا پیشنٹ فائنانشیل سروسز کو (855) 398-1633 پر کال کرکے مالی اعانت کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ آپ پیشنٹ فائنانشیل سروسز کے کسی نمائندے سے بات کرکے کبھی درخواست جمع کرواسکتے ہیں، جو درخواست مکمل کرنے میں آپ کی مدد کرے گا۔ درخواست کی کارروائی کے دوران آپ سے آپ کے خاندان میں موجود افراد کی تعداد، آپ کی ماہانہ آمدنی، اور دیگر ایسی معلومات فراہم کرنے کیلئے کہا جائے گا جس سے ہسپتال کو مالی اعانت کے لیے آپ کی اہلیت کےتعین میں مدد ملے گی۔ آپ کی آمدنی کی تصدیق میں سیوٹر کی مدد کے لیے آپ سے تنخواہ کی رسید یا ٹیکس ریکارڈز فراہم کرنے کو کہا جائے گا۔

آپ کے درخواست جمع کروانے کے بعد، ہسپتال معلومات کا جائزہ لے گا اور آپ کو تحریری طور پر آپ کی اہلیت کے بارے میں بتائے گا۔ اگر درخواست کے عمل کے دوران آپ کے کوئی سوالات ہوں تو، آپ پیشنٹ فائنانشیل سروسز آفس سے
398-1633 (855) پر رابطہ کرسکتے ہیں۔

اگر آپ ہسپتال کے فیصلے سے غیر متفق ہوتے ہیں تو، آپ پیشنٹ فائنانشیل سروسز آفس کے پاس اپنا اختلاف جمع کرواسکتے ہیں۔

اس ہسپتال کے مالی اعانت کی پالیسی کی کاپیاں، ساتھ ہی سرکاری پروگرام کی درخواستیں ہمارے پیشنٹ رجسٹریشن اور پیشنٹ فائنانشیل سروسز آفسز، ساتھ ہی sutterhealth.org پر دستیاب ہے۔ اگر آپ ہمارے پیشنٹ فائنانشیل سروسز آفس سے
855-398-1633 پر رابطہ کرتے ہیں تو ہم آپ کو مالی اعانت کی پالیسی کی ایک کاپی بھی بھیج سکتے ہیں۔

اگر آپ کو اپنی مادری زبان میں مالی اعانت کے اس خلاصے کے ترجمے کی ضرورت ہے تو، براہ کرم ہمارے پیشنٹ فائنانشیل سروسز کے دفتر سے 855-398-1633 پر رابطہ کریں جو ترجمہ حاصل کرنے میں آپ کی مدد کرسکتے ہیں۔

زیر غور درخواستیں: اگر کوئی درخواست صحت کے کوریج والے دوسرے پروگرام کے لیے اسی وقت جمع کروائی گئی ہے جب آپ رفاہی نگہداشت کے لیے درخواست جمع کروارہے ہیں تو، کوئی بھی درخواست دوسرے پروگرام کے لیے اہلیت کو خارج نہیں کرتی۔

مالی تخمینوں کی دستیاب کا نوٹس: آپ ہسپتال کے خدمات کے لیے اپنی مالی ذمہ داری کے ایک تحریری تخمینے کی درخواست کرسکتے ہیں- تخمینوں کے لیے درخواستیں لازمی طور پر کاروباری اوقات کے دوران کی جائیں- تخمینہ آپ کو اس رقم کا ایک اندازہ فراہم کرے گا جو ہسپتال مریض سے نگہداشت صحت کی خدمات، کارروائیوں، اور ان ساز و سامان کے لیے وصول کرے گا جو معقول طور پر ہسپتال کے ذریعہ فراہم کیے جانے کی توقع کی جاتی ہے- تخمینے قیام کی اوسط طوالت اور مریض کی تشخیص کے لیے فراہم کردہ خدمات پر مبنی ہوتے ہیں- وہ مقررہ لاگتوں پر خدمات فراہم کرنے کے وعدے نہیں ہیں- ان خدمات کی بنیاد پر جو مریض کو واقعی حاصل ہوتی ہیں، مریض کی مالیاتی دین داری تخمینے سے کم یا زیادہ ہوسکتی ہے-

ہسپتال صرف پسپتال کی خدمات کی رقم کا تخمینہ فراہم کرسکتا ہے- ان خدمات کے لیے اضافی چارجز ہوسکتے ہیں جو معالجین کے ذریعہ ہسپتال میں مریض کے قیام کے دوران فراہم کی جائیں گی، جیسے کہ ذاتی معالجین کی جانب سے بل، اور انیستھیسولوجسٹس، پیتھالوجسٹس، ریڈیولوجسٹس، ایمبولینس کمپنیوں، یا ایسے دیگر طبی پیشہ ور افراد کی جانب سے بل جو ہسپتال کے ملازم نہیں ہیں- ان خدمات کے لیے مریضوں کو علاحدہ بل موصول ہوگا-

اگر تحریری تخمینوں کے بارے میں آپ کے کوئی سوالات ہوں تو، براہ کرم پیشنٹ ایکسس سے 855-398-1637 پر رابطہ کریں- اگر آپ کے کوئی سوالات ہوں، یا اگر آپ بذریعہ ٹیلیفون ادائیگی کرنا چاہتے ہیں تو، براہ کرم پیشنٹ فائنانشیل سروسز سے 855-398-1637 پر رابطہ کریں-

دستاویز F

<u>حقوق کا نوٹس</u>

اپنی حالیہ ترین خدمات کے لیے سیوٹر ہیلتھ کا انتخاب کرنے کا شکریہ- اس کے ساتھ آپ کی ہسپتال میں آمد کے چارجز کا اسٹیٹمنٹ منسلک ہے- **ادائیگی فوری طور پر واجب الادا ہے-**آپ ایسی صورت میں چھوٹ کے اہل ہوسکتے ہیں اگر آپ بعض مالیاتی اہلیتوں کی تکمیل کرتے ہیں، جس پر ذیل میں بحث کی گئی ہے، یا آپ فوری ادائیگی جمع کرواتے ہیں-

براہ کرم اس بات سے آگاہ رہیں کہ یہ بل صرف ہسپتال کی خدمات کے لیے ہے- ان خدمات کے لیے اضافی چارجز ہوسکتے ہیں جو معالجین کے ذریعہ ہسپتال میں آپ کے قیام کے دوران فراہم کی جائیں گی، جیسے کہ معالجین کی جانب سے بل، اور انیستھیسولوجسٹس، پیتھالوجسٹس، ریڈیولوجسٹس، ایمبولینس سروسز، یا ایسے دیگر طبی پیشہ ور افراد کی جانب سے بل جو ہسپتال کے ملازم نہیں ہیں- ان کی خدمات کے لیے آپ کو علاحدہ بل موصول ہوسکتا ہے-

<u>آپ کے حقوق کا خلاصہ</u>: ریاستی اور وفاقی قانون قرض وصول کنندگان سے یہ تقاضہ کرتا ہے کہ آپ کے ساتھ منصفانہ برتاؤ کیا جائے اور غلط بیانی کرنا یا تشدد کی دھمکی دینا، بدزبانی یا گالی گلوچ کے استعمال، یا فریقین ثالث، بشمول آپ کے آجر سے نامناسب مواصلات کرنا ممنوع قرار دیتا ہے- غیر معمولی حالات کے علاوہ، قرض وصول کنندگان آپ سے صبح 8:00 بجے سے قبل یا شام 9:00 بجے کے بعد آپ سے رابطہ نہیں کرسکتے- عام طور پر، قرض وصول کنندہ آپ کے قرض کے بارے میں دوسرے فریقین کو، سوائے آپ کے وکیل یا زوجین کے، معلومات فراہم نہیں کرسکتا- قرض وصول کنندہ کسی فیصلے کی تعمیل کے لیے آپ کے محل وقوع کا پتہ لگانے کے واسطے دوسرے فرد سے رابطہ کرسکتا ہے- قرض وصولی کی سرگرمیوں کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، آپ فیڈرل ٹریڈ کمیشن سے بذریعہ ٹیلیفون 1-877-FTC-HELP (382-4357) پر یا آن لائن www.ftc.gov پر رابطہ کرسکتے ہیں-

آپ کے علاقے میں، غیرمنفعتی کریڈٹ کونسلنگ سروسز، ساتھ ہی مقامی قانونی خدمات کے دفاتر سے صارف کی اعانت دستیاب ہوسکتی ہے- براہ کرم مریضوں کی مالیاتی خدمات کے دفتر سے حوالے کے لیے 855-398-1633 پر رابطہ کریں

سیوٹر ہیلتھ کا بیرونی کلیکشن ایجنسیوں کے ساتھ مریضوں سے ادائیگی وصول کرنے کا معاہدہ ہے- کلیکشن ایجنسیوں سے ہسپتال کی پالیسیوں کی تعمیل کرنے کا تقاضا کیا جاتا ہے- کلیکشن ایجنسیوں سے ادائیگی کے کسی ایسے منصوبے کی معلومات رکھنے اور اس پر عمل کرنے کا تقاضا بھی کیا جاتا ہ جس پر ہسپتال اور مریض کے ذریعہ اتفاق کیا گیا ہو-

<u>مالی اعانت (رفاہی نگہداشت)</u>: سیوٹر ہیلتھ اہل کم آمدنی والے مریضوں اور ایسے مریضوں کو مالی اعانت فراہم کرنے کے لیے پابند عہد ہے جن کا ایسا بیمہ ہے جس کے لیے مریض کو اپنی نگہداشت کا کافی حصہ ادا کرنے کی ضرورت ہو- ذیل میں مالی اعانت کے لیے اہلیت کے تقاضوں اور ایسے مریضوں کے لیے درخواست دہی کے طریقے کا خلاصہ دیا جارہا ہے جو مالی اعانت حاصل کرنا چاہتے ہیں- مریضوں کے درج ذیل زمرے ہیں جو مالی اعانت کے لیے اہل ہیں:

- ایسے مریض جن کے پاس ان کے طبی اخراجات کے کسی بھی حصے کی ادائیگی کا کوئی فریق ثالث ذریعہ نہ ہو، جیسے کہ بیمہ کمپنی یا سرکاری پروگرام، **<u>اور</u>** ان کی خاندانی آمدنی وفاقی سطح غربت کا 400% یا اس کے نیچے ہو-

- ایسے مریض جنہیں بیمہ کا احاطہ حاصل ہو لیکن ان کی (i) خاندانی آمدنی وفاقی سطح غربت کا 400% یا اس کے نیچے ہو؛ **اور** (ii) ان کے یا ان کے خاندان لیے طبی اخراجات (ہسپتال کے الحاق یافتہ یا دوسرے فراہم کنندگان کو گزشتہ 12 مہینے میں ادا کردہ) جو مریض کی خاندانی آمدنی کے 10% سے زیادہ ہو۔

- ایسے مریض جو بیمہ کے تحت تحفظ یافتہ ہوں لیکن ہسپتال میں قیام کے دوران یا اس سے قبل ان کے بینیفٹس ختم ہوگئے ہوں، اور ان کی خاندانی آمدنی وفاقی سطح غربت کا 400% یا اس کے نیچے ہو؛

آپ پیشنٹ فائنانشیل سروسز، جو کہ مریض کی رسائی / رجسٹریشن کے شعبوں میں، دستاویز G میں بیان کردہ پتے پر موجود ہسپتال میں واقع ہے، سے دستیاب درخواست فارم کا استعمال کرکے یا پیشنٹ فائنانشیل سروسز کو 855-398-1633 پر کال کرکے مالی اعانت کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ آپ پیشنٹ فائنانشیل سروسز کے کسی نمائندے سے بات کرکے کبھی درخواست جمع کرواسکتے ہیں، جو درخواست مکمل کرنے میں آپ کی مدد کرے گا۔ درخواست کی کارروائی کے دوران آپ سے آپ کے خاندان میں موجود افراد کی تعداد، آپ کی ماہانہ آمدنی، اور دیگر ایسی معلومات فراہم کرنے کیلئے کہا جائے گا جس سے ہسپتال کو مالی اعانت کے لیے آپ کی اہلیت کےتعین میں مدد ملے گی۔ آپ کی آمدنی کی تصدیق میں سیوٹر کی مدد کے لیے آپ سے تنخواہ کی رسید یا ٹیکس ریکارڈز فراہم کرنے کو کہا جائے گا۔

آپ کے درخواست جمع کروانے کے بعد، ہسپتال معلومات کا جائزہ لے گا اور آپ کو تحریری طور پر آپ کی اہلیت کے بارے میں بتائے گا۔ اگر درخواست کے عمل کے دوران آپ کے کوئی سوالات ہوں تو، آپ پیشنٹ فائنانشیل سروسز آفس سے 855-398-1633 پر رابطہ کرسکتے ہیں۔

اگر آپ ہسپتال کے فیصلے سے غیر متفق ہوتے ہیں تو، آپ پیشنٹ فائنانشیل سروسز آفس کے پاس اپنا اختلاف جمع کرواسکتے ہیں۔

اس ہسپتال کے مالی اعانت کی پالیسی کی کاپیاں، ساتھ ہی سرکاری پروگرام کی درخواستیں ہمارے پیشنٹ رجسٹریشن یا پیشنٹ فائنانشیل سروسز آفسز، ساتھ ہی org.sutterhealth پر دستیاب ہے۔ اگر آپ ہمارے پیشنٹ فائنانشیل سروسز آفس سے
855-398-1633 پر رابطہ کرتے ہیں تو ہم آپ کو مالی اعانت کی پالیسی کی ایک کاپی بھی بھیج سکتے ہیں۔

<u>زیر غور درخواستیں:</u> اگر کوئی درخواست صحت کے کوریج والے دوسرے پروگرام کے لیے اسی وقت جمع کروائی گئی ہے جب آپ رفاہی نگہداشت کے لیے درخواست جمع کروارہے ہیں تو، کوئی بھی درخواست دوسرے پروگرام کے لیے اہلیت کو خارج نہیں کرتی۔

<u>صحت کا بیمہ/ سرکاری پروگرام کا کوریج/ مالی اعانت</u> اگر اس بل کی ادائیگی کے لیے آپ کے پاس صحت کے بیمہ، میڈیکیئر، میڈی-کل، کیلیفورنیا چلڈرنز سروسز، یا ادائیگی کا کوئی دیگر ذریعہ کا کوریج ہے تو، براہ کرم پیشنٹ فائنانشیل سروسز سے 855-398-1633 پر رابطہ کریں۔ اگر موزوں ہو تو، پیشنٹ فائنانشیل سروسز آپ کی نگہداشت کے لیے ان ہستیوں کو بل بھیجے گا۔

اگر آپ کا صحت کا بیمہ یا سرکاری پروگرام جیسے کہ میڈی-کل یا میڈیکیئر کے تحت کوریج نہ ہو تو، آپ سرکاری پروگرام کی اعانت کے لیے اہل ہوسکتے ہیں- پیشنٹ فائنانشیل سروسز آپ کو درخواست فارمز فراہم کرسکتی ہے، اور آپ کو درخواست دہی کی کارروائی میں مدد کرسکتی ہے-

اگر آپ کو ہسپتال سے مالی اعانت کا ایوارڈ موصول ہوتا ہے جس کے سلسلے میں آپ کو یقین ہے کہ یہ ان خدمات کا احاطہ کرتا ہے جو اس بل کا موضوع ہیں تو، براہ کرم پیشنٹ فائنانشیل سروسز سے 855-398-1633 پر رابطہ کریں-

کیلیفورنیا ہیلتھ سیفٹ ایکسچینج: آپ کورڈ کیلیفورنیا کے تحت نگہداشت صحت کے کوریج کے لیے اہل ہوسکتے ہیں- یہ دیکھنے کے لیے مزید تفصیلات اور اعانت کے لیے ہاسپٹل بزنس سروس سے رابطہ کریں کہ آیا آپ کورڈ کیلیفورنیا کے ذریعہ نگہداشت صحت کے احاطہ کے لیے اہل ہیں-

رابطہ کی معلومات: اپنے ہسپتال کے بل کے بارے میں خود کو درپیش سوال کے جواب کے لیے یا مالی اعانت یا سرکاری پروگرام کے لیے درخواست دینا چاہتے ہوں تو اس کے لیے مریض کے مالیاتی خدمات(پیشنٹ فائنانشیل سروسز) دستیاب ہے- ٹیلفون نمبر ہے 855-398-1633- ہمارے ٹیلفون کے اوقات صبح 8:00 تا شام 5:00 بجے، پیر تا جمعہ ہیں-

Exhibit G

Sutter Health Affiliate Hospitals, Physical Address and Website Address for Financial Assistance

Alta Bates Summit Medical Center

Patient Access/Registration

Ashby Campus
2450 Ashby Avenue
Berkeley, CA 94705
510-204-4444

Herrick Campus
2001 Dwight Way
Berkeley, CA 94704
510-204-4444

Summit Campus
350 Hawthorne Avenue
Oakland, CA 94609
510-655-4000

http://www.altabatessummit.org

California Pacific Medical Center

Patient Access/Registration

California Campus
3700 California Street
San Francisco, CA 94118
415-600-6000

Pacific Campus
2333 Buchanan Street
San Francisco, CA 94115
415-600-6000

Davies Campus
Castro and Duboce
San Francisco, CA 94114
415-600-6000

St. Luke's Campus
3555 Cesar Chavez St.
San Francisco, CA 94110
415-647-8600

http://www.cpmc.org

Eden Medical Center

Patient Access/Registration

Eden Campus
20103 Lake Chabot Road
Castro Valley, CA 94546
510-537-1234

http://www.edenmedicalcenter.org

Kahi Mohala, A Behavioral Healthcare System

Patient Access/Registration

91-2301 Fort Weaver Road
Ewa Beach, HI 96706
808-671-8511

http://www.kahimohala.org

Memorial Medical Center

Patient Access/Registration

1700 Coffee Road
Modesto, CA 95355
209-526-4500

http://www.memorialmedicalcenter.org

Memorial Hospital, Los Banos

Patient Access/Registration

520 I Street
Los Banos, CA 93635
209-826-0591

http://www.memoriallosbanos.org

Menlo Park Surgical Hospital

Patient Access/Registration

570 Willow Road
Menlo Park, CA 94025
650-324-8500

http://www.pamf.org/mpsh

Mills-Peninsula Health Services

Patient Access/Registration

1501 Trousdale Drive
Burlingame, CA 94010
(650) 696-5400

http://www.mills-peninsula.org

Novato Community Hospital

Patient Access/Registration

180 Rowland Way
Novato, CA 94945
415-897-3111

http://www.novatocommunity.org

Sutter Amador Hospital

Patient Access/Registration

200 Mission Blvd.
Jackson, CA 95642
209-223-7500

http://www.sutteramador.org

Sutter Auburn Faith Hospital

Patient Access/Registration

11815 Education Street
Auburn, CA 95602
530-888-4500

http://www.sutterauburnfaith.org

Sutter Coast Hospital

Patient Access/Registration

800 East Washington Blvd.
Crescent City, CA 95531
707-464-8511

http://www.suttercoast.org

Sutter Davis Hospital

Patient Access/Registration

2000 Sutter Place
(P.O. Box 1617)
Davis, CA 95617
530-756-6440

http://www.sutterdavis.org

Sutter Delta Medical Center

Patient Access/Registration

3901 Lone Tree Way
Antioch, CA 94509
925-779-7200

http://www.sutterdelta.org

Sutter Lakeside Hospital and Center for Health

Patient Access/Registration

5176 Hill Road East
Lakeport, CA 95453
707-262-5000

http://www.sutterlakeside.org

Sutter Maternity & Surgery Center of Santa Cruz

Patient Access/Registration

2900 Chanticleer Avenue
Santa Cruz, CA 95065-1816
831-477-2200

http://www.suttersantacruz.org

Sutter Medical Center, Sacramento

Patient Access/Registration

Sutter General Hospital
2801 L Street
Sacramento, CA 95816
916-454-2222

Sutter Memorial Hospital
5151 F Street
Sacramento, CA 95819
916-454-3333

Sutter Center for Psychiatry
7700 Folsom Blvd.
Sacramento, CA 95826
916-386-3000

http://www.suttermedicalcenter.org

Sutter Roseville Medical Center

Patient Access/Registration

One Medical Plaza
Roseville, CA 95661
916-781-1000

http://www.sutterroseville.org

Sutter Santa Rosa Regional Hospital

Patient Access/Registration

30 Mark West Springs Road
Santa Rosa, CA 95403
707-576-4000

http://www.suttersantarosa.org

Sutter Solano Medical Center

Patient Access/Registration

300 Hospital Drive
Vallejo, CA 94589
707-554-4444

http://www.suttersolano.org

Sutter Tracy Community Hospital

Patient Access/Registration

1420 N. Tracy Boulevard
Tracy, CA 95376-3497
209-835-1500

http://www.suttertracy.org